No: PAP/Legis-II(9)/2024/(   )/ **Page ……………………......**

نوٹس برائے تحریک التوائے کار

(دفتری استعمال کیلئے)

Secy Gen:	اجلاس نمبر ......
DG(PA&R):	اندراج نمبر ......
Adl.Secy(L):	پارلیمانی سال ......
	تاریخ وصولی ......
	وقت ......

میں یہ تحریک پیش کرتا/کرتی ہوں کہ اہمیت عامہ رکھنے والے ایک اہم اور فوری نوعیت کے مسئلہ کو زیر بحث لانے کیلئے اسمبلی کی کارروائی ملتوی کردی جائے۔ مسئلہ یہ ہے کہ

لہذا استدعا ہے کہ میری تحریک کو باضابطہ قرار دے کر اس پر ایوان میں بحث کرنے کی اجازت دی جائے۔

دستخط: رکن صوبائی اسمبلی پنجاب ....

نام : .... حلقہ نمبر: ....

نوٹ: (1) صرف وہی دستخط قابل قبول ہوں گے جو رکن نے حلف رجسٹر میں ثبت کئے ہیں۔

(2) تحریک کے مضمون کیلئے اضافی کاغذ استعمال میں لایا جاسکتا ہے۔

(3) تحریک پیش کرنے سے متعلق شرائط وقیود صفحہ کی پشت پر ملاحظہ فرمائیں۔

تحریک التوائے کار سے متعلق شرائط وقیود

83- تحریک کے قابل اجازت ہونے کی شرائط :اس وقت تک کوئی تحریک پیش کرنے کی اجازت نہ ہو گی، جب تک وہ درج ذیل شرائط پر پوری نہ اترے یعنی کہ:۔

(اے) اس میں فوری اہمیت عامہ کا کوئی مسئلہ اٹھایا گیا ہو۔

(بی) اس میں کوئی واحد حقیقی معاملہ اٹھایا گیا ہو۔

(سی) یہ حال ہی میں وقوع پذیر ہونے والے کسی معاملے سے متعلق ہو۔

(ڈی) اس میں ایسا معاملہ نہ دہرایا گیا ہو جس کے بارے میں سپیکر تحاریک پیش کرنے کی اجازت دینے سے انکار کر چکا ہو یا جو ناقابل منظوری قرار پا چکی ہوں، یا ایوان ان کو پیش کرنے کی اجازت دینے سے انکار کر چکا ہو یا ایوان ان پر پہلے ہی بحث کر چکا ہو۔

(ای) یہ کسی ایسے معاملے سے متعلق نہ ہو جس پر بحث و مباحثے کے لئے پہلے ہی تاریخ مقرر ہو چکی ہو۔

(ایف) یہ کسی ایسے معاملے کے بارے میں ہو جس کا تعلق بنیادی طور پر حکومت یا حکومت کے زیر انتظام کسی آئینی ادارے سے ہو یا یہ کسی ایسے معاملے کے بارے میں ہو جس سے حکومت کا کافی حد تک مالی مفاد وابستہ ہو۔

(جی) اس میں دلائل، استنباط، طنزیہ جملے یا ہتک آمیز بیانات شامل نہ ہوں۔

(ایچ) اس میں کسی شخص کے کردار، یا رویے کا حوالہ، ماسوائے اس کی سرکاری یا عوامی حیثیت کے نہ دیا گیا ہو۔

(آئی) یہ کسی ایسے مسئلے سے متعلق نہ ہو جس کے بارے میں قرارداد پیش نہ کی جا سکتی ہو۔

(جے) یہ کسی مسئلہ استحقاق سے متعلق نہ ہو۔

(کے) یہ کسی ایسے معاملے سے متعلق نہ ہو جو مفروضے پر قائم ہو۔

(ایل) یہ ایسے معاملات سے متعلق نہ ہو جو صرف قانون سازی کے ذریعے ہی حل کئے جا سکتے ہوں۔

(ایم) اس میں کوئی ایسا مواد نہ ہو، جس سے ایسی بحث چھڑ جائے جو عوامی مفاد کے منافی ہو۔

(این) یہ کسی ایسے معاملے سے متعلق نہ ہو جو عدالت میں زیر سماعت ہو اور

(او) یہ کسی ایسے دن پیش نہیں کی جائے گی جو:۔

i. بجٹ یا ضمنی بجٹ پر عام بحث کے لئے مقرر کیا گیا ہو۔

ii. مسودہ قانون مالیات پر غور یا اس کی منظوری کے لئے مقرر کیا گیا ہو۔

iii. عام انتخابات کے بعد اراکین کی عمومی حلف برداری کے لئے مقرر کیا گیا ہو۔

iv. سپیکر اور ڈپٹی سپیکر کے انتخابات کے لئے مقرر کیا گیا ہو۔

v. وزیر اعلیٰ پر اعتماد کے ووٹ کے لئے قرارداد پیش کرنے کے لئے مقرر کیا گیا ہو۔

vi. وزیر اعلیٰ کے انتخاب کے لئے مقرر کیا گیا ہو۔

vii. سپیکر، ڈپٹی سپیکر اور وزیر اعلیٰ کے خلاف عدم اعتماد کی قرارداد پیش کرنے، غور کرنے اور اس پر رائے شماری کے لئے مقرر کیا گیا ہو۔ اور

viii. گورنر کے خطاب کے لئے مقرر کیا گیا ہو۔